# سعودی ویزا بائیو ایپ کے ذریعے بائیو میٹرک برائے حج 2024

حج آئی ٹی سیل، وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلام آباد

# پریزنٹیشن کی فہرست


1) بائیو میٹرک ایپ انسٹال کرنے کا طریقہ
2) ایپ کو سیٹ اپ کرنے کا طریقہ
3) ای میل کی تصدیق کرنے کا طریقہ
4) پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ
5) سفارت خانے کے انتخاب کا طریقہ
6) چہرے کی سکیننگ کرنے کا طریقہ
7) فنگر پرنٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ
8) بائیو میٹرک کی تصدیق
9) معذوری کی صورت میں بائیو میٹرک کرنے کا طریقہ
10) رابطہ

# بائیو میٹرک ایپ انسٹال کرنے کا طریقہ

❖ سب سے پہلے گوگل پلے یا ایپ سٹور سے SAUDI VISA BIO APP انسٹال کریں۔

Saudi Visa Bio

Ministry of Foreign Affairs KSA

For Google Play Store

For App Store

❖ آپ اوپر دیے گئے QR CODE کو سکین کر کے بھی ایپ انسٹال کر سکتے ہیں۔

# ایپ کو سیٹ اپ کرنے کا طریقہ

انسٹال کرنے کے بعد سعودی ویزا بائیو ایپ کھولیں اور دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں





ہدایات کو پڑھنے کے بعد، اپنا اندراج شروع کرنے کے لیے اس بٹن پر کلک کریں۔

# ایپ کو سیٹ اپ کرنے کا طریقہ




اس بٹن پر کلک کریں۔

# ایپ کو سیٹ اپ کرنے کا طریقہ




اس چیک باکس کو منتخب کریں۔

اور اس بٹن پر کلک کریں۔

# ای میل کی تصدیق کرنے کا طریقہ




اپنا ای میل یہاں درج کریں۔

اور اس بٹن پر کلک کریں۔

# ای میل کی تصدیق کرنے کا طریقہ




تصدیق کے لیے ای میل پر جانے کے لیے، یہاں کلک کریں۔

# ای میل کی تصدیق کرنے کا طریقہ


SaudiVisaBio

**Verify Your Account**

Dear Applicant,

We need to verify your email address before you can continue with the enrollment of your biometric information as part of your visa application process to the Kingdom of Saudi Arabia Please click on the link below to verify your email address


Please Click Here To Verify .

2024-01-18T11:34:04.388088095

**This is an automated message, please do not reply to this email directly**

ای میل کھولنے کے بعد، تصدیق کے
لیے یہاں کلک کریں۔


# ویزا کی قسم منتخب کریں




حج کا انتخاب کریں۔

اور اس بٹن پر کلک کریں۔

# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ




پاسپورٹ سکیننگ سے پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں

اور اس بٹن پر کلک کریں۔




# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ

❖ اپنے فون کے بیک کیمرہ کا استعمال کرتے ہوئے اپنے پاسپورٹ کے فرنٹ پیج کو اسکین کریں۔

❖ اس بات کو یقینی بنائیں کہ پاسپورٹ پر کوئی چمک یا سایہ نہ ہو۔

❖ پاسپورٹ کو سیدھا اور مستحکم رکھیں

❖ اچھی روشنی والی جگہ میں تصویر لیں




کیمرہ تیار کرنا




دستاویز کی تلاش




دستاویز پر عمل درآمد

# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ




اپنے پاسپورٹ کو سکین کرنے کے بعد، اپنے ڈیٹا کی تصدیق کریں۔

احتیاط سے چیک کریں کہ آپ کا پاسپورٹ نمبر، قومیت، تاریخ پیدائش اور نام وغیرہ درست ہیں۔

# پاسپورٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ




اپنے ڈیٹا کی تصدیق کے بعد، جاری رکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

# سفارت خانے کے انتخاب کا طریقہ





1) سفارت خانہ کو منتخب کرنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

2) درخواست دہندگان جو اسلام آباد، لاہور، پشاور، فیصل آباد، ملتان، سیالکوٹ اور رحیم یار خان سے سفر کریں گے پاکستان/اسلام آباد کا انتخاب کریں گے۔

3) درخواست دہندگان جو کراچی، سکھر یا کوئٹہ سے سفر کریں گے پاکستان/کراچی کا انتخاب کریں گے۔

# سفارت خانے کے انتخاب کا طریقہ




1) اگر آپ نے پہلے سعودی ویزا نہیں لیا ہے تو یہاں "نہیں" کو منتخب کریں۔

2) پھر جاری رکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

# چہرے کی سکیننگ کرنے کا طریقہ



- اپنے فون کا فرنٹ کیمرہ سے اپنے چہرے کی تصویر لیں
- یقینی بنائیں کہ آپ کا پورا چہرہ نظر آرہا ہو
- عینک یا چہرے پر آنے والے بال ہٹا دیں
- اچھی روشنی والی جگہ میں چہرے پر براہ راست روشنی یا سائے کے بغیر تصویر لیں
- ہلکے رنگ کے سادہ پس منظر کے ساتھ تصویر لیں (سفید پس منظر)
- اپنی آنکھیں کھلی اور تاثرات معتدل رکھیں (مسکرائیں نہیں)

ساکت رہیں



ساکت رہیں



ٹھوڑی نیچے کریں



اپنا چہرہ درمیان میں لائیں



# فنگر پرنٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ



اپنے فون کا بیک کیمرہ استعمال کرتے ہوئے اپنی انگلیوں کو پورا دکھائیں تاکہ آپ کی انگلیوں کے نشانات کو سکین کر سکیں

## انگلیوں کو سکین کرنے کا صحیح طریقہ

- یقینی بنائیں کہ بیک گراؤنڈ سیاہ، سادہ اور خالی ہے (تاکہ یہ آپ کی جلد کے رنگ کے برعکس ہو)۔
- اپنے ہاتھ یا انگلی کو کیمرے کے سامنے رکھیں
- تصویر کھینچنے کے پورے عمل کے دوران اپنا ہاتھ ساکت رکھنے کی کوشش کریں

# فنگر پرنٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ




**بائیں انگوٹھے کو سکین کرنے کے لیے:**

- موبائل فون کو دائیں ہاتھ میں پکڑیں اور بیک کیمرہ استعمال کریں۔
- اپنے بائیں انگوٹھے کو کیمرے کے سامنے لائیں۔ایپ خود بخود آپ کے بائیں انگوٹھے کو سکین کرے گی۔




**بائیں ہاتھ کی انگلیوں کو سکین کرنے کے لیے:**

- موبائل فون دائیں ہاتھ میں پکڑیں اور بیک کیمرہ استعمال کریں۔
- اپنے بائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں کیمرے کے سامنے رکھیں، ایپ خود بخود بائیں ہاتھ کی چاروں انگلیوں کو سکین کر لے گی۔

# فنگر پرنٹ سکیننگ کرنے کا طریقہ




## دائیں انگوٹھے کو سکین کرنے کے لیے۔


- موبائل فون بائیں ہاتھ میں پکڑیں اور بیک کیمرہ استعمال کریں۔
- دائیں انگوٹھے کو کیمرے کے سامنے لائیں۔ ایپ خود بخود دائیں انگوٹھے کو سکین کر لے گی۔




## دائیں ہاتھ کی انگلیوں کو سکین کرنے کے لیے:

- موبائل فون بائیں ہاتھ میں پکڑیں اور بیک کیمرہ استعمال کریں۔
- دائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں کیمرے کے سامنے لائیں۔ ایپ خود بخود دائیں ہاتھ کی چاروں انگلیاں سکین کر لے گی۔


# معذوری کی صورت میں بائیومیٹرک کرنے کا طریقہ




- اگر آپ کسی معذوری کی وجہ سے بائیومیٹرک سے مستثنیٰ ہیں تو آپ کو میڈیکل سرٹیفکیٹ (انگریزی یا عربی میں) اپ لوڈ کرنا ہو گا جو معذوری کی قسم کی وضاحت کرے گا۔
- ان معذوریوں میں انگلی کا کٹا ہونا، بڑھاپے یا کام کی وجہ سے انگلیوں کے نشانات کا مدھم ہونا، آنکھ کا نقصان وغیرہ شامل ہو سکتے ہیں۔
- میڈیکل سرٹیفکیٹ وفاقی حکومت / صوبائی حکومت / نیم سرکاری / مسلح افواج / خود مختار اداروں کے اسپتالوں / کارپوریشنوں کے اسپتالوں کے میڈیکل آفیسر سے جاری کیا جانا چاہیے۔

ایپ میں فنگرپرنٹ سکیننگ کے مرحلے کے دوران یہاں کلک کریں۔

# معذوری کی صورت میں بائیو میٹرک کرنے کا طریقہ




2) یہاں استثناء کی قسم منتخب کریں۔

- ہاتھ / انگلی کے کٹ جانے اور آنکھ کے ضائع ہونے کی صورت میں اپنی تصویر فوٹو اسٹوڈیو سے حاصل کریں، اس تصویر میں واضح طور پر اس معذوری کو ظاہر کرنا چاہیے جس کی وجہ سے آپ کے چہرے / انگلیوں کو اسکین نہیں کیا جا رہا ہے۔
- اس تصویر کو میڈیکل سرٹیفکیٹ پر چسپاں کریں اور دی گئی ہدایات کے مطابق ایپ پر اپ لوڈ کریں۔
- میڈیکل سرٹیفکیٹ کے ساتھ تصویر متعلقہ بینکوں کے ذریعے وزارت کو بھیجی جانی چاہیے۔

# بائیو میٹرک کی تصدیق



بایو میٹرک مکمل ہونے کے بعد ڈیٹا کی تصدیق کرنے کے بعد submit کر لیں۔ جس کی تصدیق آپ کے دیئے گئے ای میل پے موصول ہو گی۔

تصدیقی ای میل کا پرنٹ لیں اور اپنے پاسپورٹ کے ساتھ متعلقہ بینک میں جمع کروائیں۔

کسی بھی پریشانی کی صورت میں متعلقہ بینک یا درج ذیل نمبرز پر رابطہ کریں۔

# رابطہ

Landline Numbers:
(+92) 51 9205696, 9216980, 9216981, 9216982,
Email Address: hajjinfo@mora.gov.pk
WhatsApp: +92519201564
Official Timing: Monday to Friday, 09:00 to 16:00 HRS

بیرون ملک مقیم عازمین حج اپنا بائیو میٹرک مکمل کرنے کے بعد سعودی ویزا بائیو ایپ سے موصول ہونے والی تصدیقی ای میل متعلقہ POD انچارجز کو اپنے پاسپورٹ کی کاپی کے ساتھ درج ذیل ای میلز پر بھیجیں:

| Officer Name | Place of Departure | Email Address |
|---|---|---|
| Zahid Hussain Katpar | (KARACHI, QUETTA) | adhcc1@mora.gov.pk |
| Hafiz Majid Ali | (LAHORE, SUKKUR) | adhcc2@mora.gov.pk |
| Bahadur Hussain | (ISLAMABAD, RAHIM YAR KHAN) | adhcc3@mora.gov.pk |
| Ghulam Mustafa | (PESHAWAR, MULTAN, SIALKOT, FAISALABAD) | adhcc4@mora.gov.pk |

# شكرية